## بخدمت جناب چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان، اسلام آباد

**Representation/درخواست برخلاف ابتدائی تجویز ‹Preliminary Proposal› نسبت جدید حلقہ بندی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان بابت نشست صوبائی اسمبلی PK-95 وPK-96**

---

**جناب عالی:** **سائل حسب ذیل عرض رساں ھے**

**مختصر احوال:**

۱۔ یہ کہ سائل ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کا مستقل رہائشی وسکونتی ہے اور سائل کے ووٹ کا اندراج پٹوار سرکل کالا گوڑھ، قانون گو حلقہ بندکورائی، تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ہے جو کہ سائل کا شناختی کارڈ نمبر 12101-2989610-1 ہے۔ (نقل شناختی کارڈ لف ہے۔)

۲۔ یہ کہ قبل ازیں بھی صوبائی اسمبلی کی نشستیں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں پانچ تھیں جو کہ PK-64 تا PK-68 پر مشتمل تھیں۔ اور من سائل کا ووٹ جس کا پٹوار سرکل کالا گوڑھ سابقہ PK-65 موجودہ PK-96 (سٹی ٹو ڈیرہ اسماعیل خان) کا حصہ تھا۔ وہ پٹوار سرکل موجودہ ابتدائی تجویز میں اب دوسرے صوبائی حلقہ PK-95 جو کہ تحصیل پہاڑ پور پر مشتمل ہے اس کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ جبکہ پٹوار سرکل کالا گوڑھ کو بمطابق رولز و حقائق PK-96 کا حصہ بننا چاہیے۔

۳۔ یہ کہ درج ذیل وجوہات کی بناء پر ابتدائی تجویز/رپورٹ بابت حلقہ بندی PK-95 وPK-96 کے خلاف سائل Representation ہذا پیش کرتا ہے

**وجوہات:**

۱۔ یہ کہ پٹوار سرکل کالا گوڑھ تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کو ابتدائی تجویز بابت حلقہ بندی میں PK-96 میں نہ رکھا جا کر اہم قانونی وواقعاتی غلطی کی گئی ہے جو کہ بدیں وجہ قابل درستگی ہے۔

۲۔ یہ کہ بمطابق Rules جدید حلقہ بندی ضلع کے شمالی جانب سے Zig Zag میں Clockwise کی صورت میں نہیں کی گئی جو کہ PK-96 کی حلقہ بندی شمالی جانب سے ZigZag میں Clock wise کی جائے تو ایسی صورت میں پٹوار سرکل کالا گوڑھ PK-96 کا حصہ بنتا ہے۔اور پٹوار سرکل کالا گوڑھ کو PK-96 کا حصہ ابتدائی تجویز حلقہ بندی نہ بنا کر رولز کی خلاف ورزی کی گئی ہے مزید یہ کہ جغرافیائی، ثقافتی و کلچر کو بھی مد نظر نہیں رکھا گیا۔اس لیے بھی ابتدائی تجویز بابت جدید حلقہ بندی PK-95 و PK-96 قابل درستگی ہیں۔

۳۔ یہ کہ قبل ازیں بھی پٹوار سرکل کالا گوڑھ سابقہ PK-65 (موجودہ PK-96) کا حصہ تھا۔اور پٹوار سرکل کالا گوڑھ کا بہتر مفاد بھی اسی میں ہے کہ پٹوار سرکل کالا گوڑھ کو اسی سابقہ حلقہ بندی کی روشنی میں موجودہ حلقہ بندی PK-96 کا حصہ بنایا جائے۔

۴۔ یہ کہ ذیل طریقہ جدید حلقہ بندی بابت PK-95 تا PK-99 میں ذیل علاقے شامل کیے جائیں تو بمطابق Rules و حقائق حلقہ بندیاں ہوں گی۔

## PK-95 (ڈیرہ اسماعیل خان-I)

| نمبر شمار | تحصیل قانو گو سرکل/ پٹوار سرکل/ سرکل Census | ٹوٹل آبادی |
|---|---|---|
| ۱ | تحصیل پہاڑپور ماسوائے قانون گو حلقہ بند کورائی کے پٹوار سرکلز کالا گوڑھ، قاضی، نورنگ لک، تھتھل، شاہ کوٹ، دھپ شمالی | 3,29,527 |

## PK-96 (ڈیرہ اسماعیل خان-II)

| نمبر شمار | تحصیل قانو گو سرکل/ پٹوار سرکل/ سرکل Census | ٹوٹل آبادی |
|---|---|---|
| ۱ | قانونگو حلقہ شور کوٹ تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان | |
| ۲ | قانونگو حلقہ یارک تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان | 3,41,598S |
| ۳ | قانون گو حلقہ ڈیرہ اسماعیل خان کے پٹوار سرکل رتہ کلاچی و کوٹلہ سیدان تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان | |
| ۴ | قانون گو حلقہ بند کورائی کے پٹوار سرکلز نورنگ لک، تھتھل، شاہ کوٹ، دھپ شمالی، کالا گوڑھ، قاضی تحصیل پہاڑپور | |

**Pk-97 تا PK-99 (ڈیرہ اسماعیل خان III تا V) کو انھی علاقوں پر مشتمل رکھا جائے جو کہ ابتدائی تجویز مورخہ: 05/03/2018 میں رکھا گیا ہیں۔**

مزید یہ کہ تجویز کردہ حلقہ بندیاں PK-95 تا PK-99 منجانب سائل کی نسبت علیحدہ سے نقشہ لف کیا گیا ہے۔ جس میں ہر حلقہ کو علیحدہ رنگ میں دیکھایا گیا ہے۔

۵۔ یہ کہ تجویز کردہ حلقہ بندیاں PK-95 تا PK-99 منجانب سائل کو رولز کے مطابق اور آبادی کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے بدیں وجہ بھی Representation ھذا قابل منظوری ہے۔

لہذا استدعا ہیکہ Representaion ھذا کو منظور کرتے ہوئے ابتدائی تجویز /رپورٹ PK-95 تا PK-99 جو کہ مورخہ: 5/3/2018 کو شائع ہوئی میں ترمیم کرتے ہوئے بمطابق تجویز کردہ حلقہ بندیاں منجانب سائل کو کنفرم کیا جائے۔

**مورخہ:**

ذیشان افضل ولد ملک شیر زمان قوم کھوکر سکنہ پٹوار سرکل کالا گوڑھ تحصیل پہاڑپور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان ( ویلیج ناظم )

6

30/03/2018

# بخدمت جناب چیف الیکشن کمیشنر آف پاکستان، اسلام آباد

## بیان حلفی

حلفاً بیان کیا کہ جملہ مراتب Representation تا حد علم صحیح و درست ہیں۔

مزید یہ کے کوئی امر مخفی یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہیں۔

**مورخہ:**

ذیشان افضل ولد ملک شیر زمان قوم کھوکر سکنہ پٹوار سر کل کالا گوڑھ تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

ATTESTED
HIDAYAT ULLAH KHAN KUNDI
Oath Commissioner
Dera Ismail Khan
Lic# bc-09-0979
Advocate High Court

28/3/18

## تصدیق

بمقام اسلام آباد با اقرار صالح تصدیق کی جاتی ہے کہ جملہ مراتب Representaion

تا حد علم صحیح و درست ہیں۔ مزید یہ کے کوئی امر مخفی یا پوشیدہ نہ رکھا گیا ہیں۔

**مورخہ:**

ذیشان افضل ولد ملک شیر زمان قوم کھوکر سکنہ پٹوار سر کل کالا گوڑھ تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان (ڈیلیجٹ ناظم)